ذہن کی ورزش

انعامی مقابلہ

کیا آپ کو معلوم ہے؟

۱ دونوں جہاں کے سردار صلی اللہ علیہ وسلم نے کس صحابی کے بارے میں جوشِ مسرت سے فرمایا تھا کہ اگر کوئی میری غیر شادی شدہ بیٹی ہوتی تو میں اس کا نکاح اس شخص سے کر دیتا جس نے مسجد میں روشنی کی ہے؟

۲ قرآن پاک کی فارسی تفسیر "سواطع الالہام" جس میں کوئی منقوط حرف استعمال نہیں کیا گیا کس کی لکھی ہوئی ہے؟

۳ عہد بنوامیہ میں مسجد نبوی پر آبِ زر سے "سورۃ الشمس" کس مشہور خطّاطِ قرآن نے لکھی تھی؟

۴ دورِ جدید میں اتحادِ اسلامی کے علمبردار سید جمال الدین افغانی کی وفات کب اور کہاں ہوئی اور ان کا جسدِ پاک کس سن عیسوی میں افغانستان نے جاکر کابل یونیورسٹی کے نزدیک دفن کیا گیا؟

۵ مشہور شاعر "سیماب اکبر آبادی" نے جنھوں نے قرآن پاک کا منظوم ترجمہ کیا تھا کب رحلت فرمائی؟

۶ اس شعر میں اقبال کا تخاطب کس سے ہے؟

تیری کتابوں میں اے حکیم معاش رکھا ہی کیا ہے آخر
خطوطِ خمدار کی نمائش، مریز و کجدار کی نمائش

۷ برصغیر کی کس مسجد میں اورنگ زیب عالمگیر کے لکھے ہوئے کتبے موجود ہیں؟

۸ قرآن پاک میں کن چار مساجد کا ذکر آیا ہے؟

۹ وہ کون سی جنگ تھی جس میں حضورؐ نے تیر اٹھا اٹھا کر اپنے چچاؤں کو دیئے تھے؟

۱۰ حضرت عمرؓ نے مکہ میں کس شخص کے مکان کو خرید کر جیل خانہ بنایا۔ جو اسلام کا پہلا جیل خانہ تھا؟

اوپر دیئے گئے سوالات کے جواب ہمیں ۱۵ نومبر تک پہنچ جانے چاہئیں۔ کاغذ پر سوال لکھنے کی ضرورت نہیں۔ صرف جواب لکھیں اور کاغذ پر ایک طرف لکھے ہوئے خوش خط جوابات کے ساتھ نیچے دیا ہوا کوپن بھی آنا ضروری ہے۔ درست جواب دینے والے کو ایک سال کے لئے "برہان" مفت ارسال کیا جائے گا۔ ایک سے زیادہ صحیح جواب کی صورت میں قرعہ اندازی کی جائے گی

خط بھیجنے کے لئے پتہ نوٹ کرلیں۔ "انچارج ذہن کی ورزش انعامی مقابلہ دفتر برہان" اردو بازار جامع مسجد دہلی

نام ....

گھر کا پتہ ....

....

آپ کو 'برہان' کا یہ سلسلہ کیسا لگا؟

اچھا ☐ بہت اچھا ☐ غیر دلچسپ ☐

بقیہ: "غالب کا فارسی قصیدہ"

نیا تحقیقی مسالا اہل ذوق کے ہاتھ آتا رہتا ہے۔ میں اپنے دوستوں سے اکثر کہتا ہوں کہ کسی اللہ والے نے غالب سے خوش ہو کر اسے یہ دعا دی تھی کہ "تیری کوئی تحریر ضائع نہ ہوگی"۔

سچ پوچھئے تو اسے کسی اللہ والے کی دعا کا اثر ہی کہا جا سکتا ہے کہ غالب کے قلم کی یہ تحریر ڈیڑھ سو سال سے بھی زیادہ عرصہ گذر جانے پر موتی کی طرح جھلملا رہی ہے۔